# ماڈیول ۲۵

## حدیث نمبر 43

## تقسیمِ وراث کا اصول

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

"حق دار کو اس کا حق دو، اور جو مال بچے اسے سب سے قریبی مرد کو دے دو۔"

### وراثت کا علم اور اس کی اہمیت:

یہ حدیث علمِ وراثت کی اہمیت کو بیان کرتی ہے۔ علمِ وراثت ایک اہم علم ہے جس کا تعلق انسانی حقوق اور مال کی تقسیم کے انصاف پر مبنی ہے۔ یہ واحد علم ہے جو قرآنِ کریم میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ سورہ نساء میں اللہ نے وراثت کے تمام اصول اور ضابطے واضح کیے ہیں۔ ہر مسلمان پر فرض ہے کہ وہ یہ علم سیکھے اور اپنی زندگی میں اس پر عمل کرے۔

### وراثت کا طریقہ اور اس کے ارکان:

موت کے بعد کسی بھی شخص کا چھوڑا ہوا مال تین مراحل میں تقسیم ہوتا ہے:

1. تجہیز اور تکفین: سب سے پہلے میت کی تجہیز و تکفین کے اخراجات مال میں سے نکالے جاتے ہیں۔
2. قرض کی ادائیگی: اگر میت پر قرض ہو، تو اس کے چکانے کے بعد بچا ہوا مال تقسیم ہو گا۔
3. وصیت: اگر میت نے وصیت کی ہو، تو ایک تہائی (3/1) تک اس وصیت کو پورا کیا جاتا ہے۔ اگر وصیت حرام یا وارث کے حق میں ہو، تو یہ نافذ نہیں ہوتی۔

ان تین مراحل کے بعد جو مال بچتا ہے، وہ وارثوں کے درمیان وراثت کے اصول کے مطابق تقسیم ہوتا ہے۔

## وراثت کے ارکان:

وراثت کا نظام تین ارکان پر مبنی ہے:

1. وارث: اگر کوئی وارث ہی نہ ہو، تو وراثت کا نظام ختم ہو جاتا ہے، اور مال بیت المال (ریاستی خزانے) میں چلا جاتا ہے۔
2. میت: اگر کوئی میت (وفات شدہ شخص) ہی نہ ہو، تو وراثت کا نظام لاگو نہیں ہوگا۔
3. طریقہ: اگر میت نے مال ہی نہ چھوڑا ہو، تو وراثت کا نظام کام نہیں کرے گا۔
   ان تین ارکان کے بغیر وراثت کا نظام نہیں چلایا جا سکتا۔

## وراثت کے اسباب:

وراثت کے تین اسباب ہیں جو کسی کو وارث بناتے ہیں:

1. نکاح: شوہر اور بیوی ایک دوسرے کے وارث بنتے ہیں، شادی کے بندھن کی وجہ سے۔ لیکن اگر طلاقِ بائن (حتمی طلاق) یا عدت ختم ہو جائے، تو وراثت کا حق ختم ہو جاتا ہے۔
2. نسب: خون کا رشتہ (محضبی یا نسبی رشتہ) وراثت کا سبب بنتا ہے۔ مثلاً، ماں، باپ، بیٹی، یا بھائی۔
3. آزادی کا تعلق: اگر کوئی شخص کسی غلام کو آزاد کرے، تو آزاد کیے گئے شخص کی وراثت کا حق آزاد کرنے والے کے پاس ہوتا ہے۔ (یہ سبب آج کے دور میں موجود نہیں ہے۔)

## موانع (رکاوٹیں) جو وراثت کو روکتی ہیں:

کچھ رکاوٹیں ایسی ہیں جو کسی شخص کو وراثت سے محروم کر دیتی ہیں:

1. ناحق قتل: اگر وارث میت کو ناحق اور ظلم کے ساتھ قتل کرے، تو قاتل وراثت کا حق کھو دیتا ہے۔

2. کفر: اگر وارث کافر ہو اور میت مسلمان، یا میت کافر ہو اور وارث مسلمان، تو وراثت کا حق نہیں ملتا۔

3. غلام ہونا: اگر وارث غلام یا لونڈی ہو، تو اس کا وراثت کا حق نہیں ہوتا۔ ایسا مال بیت المال میں چلا جاتا ہے۔

## وراثت کے وارث کے اقسام:

وراثت کے دو بڑے قسم کے وارث ہوتے ہیں:

1. اصحاب الفرائض (جن کے حصے مقرر ہیں):

یہ وہ وارث ہیں جن کے حصے قرآن اور حدیث میں مقرر ہیں۔ یہ 12 لوگ ہیں:

- شوہر
- باپ
- دادا
- ماں کی طرف سے بھائی
- بیوی
- بیٹی
- پوتی
- ماں
- دادی/نانی

- سگی بہن
- باپ کی طرف سے بہن
- ماں کی طرف سے بہن

ان کے حصے مختلف ہیں، مثلاً:

- نصف(2/1)
- ربع(4/1)
- ثمن(8/1)
- ثلثین(3/2)
- ثلث(3/1)
- سدس(6/1)

2. عصبات(جن کے حصے مقرر نہیں):

یہ وہ وارث ہیں جن کا حصہ قرآن یا حدیث میں مقرر نہیں ہے۔ عصبات کا نظام ترتیبی ہے، یعنی اگر پہلے درجے کا وارث موجود ہے، تو باقی لوگ وراثت سے محروم ہو جاتے ہیں۔ اس کی ترتیب کچھ یوں ہے:

- بیٹا
- پوتا

- باپ
- دادا
- سگا بھائی
- باپ کی طرف سے بھائی
- سگا بھتیجا
- باپ کی طرف سے بھتیجا
- سگا چچا
- باپ کی طرف سے چچا
- چچا کا بیٹا
- باپ کی طرف سے چچا کا بیٹا

اگر بیٹا موجود ہو، تو باقی سب محروم ہیں۔ اگر بیٹا نہیں، تو وراثت اگلے درجے کے وارث کو ملے گی۔

## تقسیم کا طریقہ:

پہلے اصحاب الفرائض کا حصہ الگ کیا جاتا ہے۔ جو مال بچتا ہے، وہ عصبات کو ملتا ہے۔ اس طریقے سے وراثت کا نظام چلایا جاتا ہے۔ وارث جتنا قریبی ہو، اسے پہلے مال ملتا ہے۔

## ذوی الارحام:

ذوی الارحام وہ رشتہ دار ہیں جو نہ اصحاب الفرائض میں شامل ہوتے ہیں (جن کے حصے مقرر ہیں) اور نہ عصبات میں (جن کا حصہ مقرر نہیں ہوتا)۔ یہ ماں کی طرف سے تعلق رکھتے ہیں، جیسے نانی، ماموں، اور خالہ۔

ذوی الارحام کو وراثت کا حصہ صرف تب ملتا ہے جب نہ اصحاب الفرائض موجود ہوں اور نہ عصبات۔ اگر دونوں قسم کے وارث موجود نہ ہوں، تب ذوی الارحام وراثت کے حق دار بنتے ہیں۔

## ظلم اور ناانصافی سے پرہیز:

وراثت کا حق اللہ نے ہر وارث کے لیے مقرر کیا ہے۔

- ظلم کے اثرات: اگر کوئی وارث مال کا ناجائز استعمال کرے، تو اس کا انجام دنیا اور آخرت میں برباد ہوگا۔ کسی بھی شخص کا حق مارنا گناہِ کبیرہ ہے۔

## اسلام کا عدل اور حکمت:

وراثت کے اصول میں کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوتی۔ اسلام نے جہالت کے زمانے کا نظام، جس میں عورتوں کو وراثت کا حق نہیں دیا جاتا تھا، ختم کر دیا۔ اللہ نے فرمایا:

"مرد اور عورت، دونوں کا وراثت میں حق ہے، چاہے مال کم ہو یا زیادہ۔"

## عمل اور نصیحت:

- ہر شخص اپنی وراثت کو شریعت کے مطابق تقسیم کرنے کی وصیت کرے۔
- کسی بھی غلط وصیت، جیسے وارث کے لیے ناجائز طور پر مال دینا یا حرام وصیت کرنا، کو ختم کرنا ضروری ہے۔
- زندگی میں اگر کسی کو مال دینا ہو، تو سب کے درمیان برابری کا خیال رکھیں۔

## Hadith Number 43

## Taqseem-e-Viraas ka Usool

Hazrat Ibn Abbas رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Nabi ﷺ ne farmaya:
**"**Taqreban ka matloob: "Haq daar ko uska haq do, aur jo maal bache usay sabse qareebi mard ko de do۔"

### Viraasat ka Ilm aur Uski Ahmiyat:

Yeh hadith ilm-e-viraasat (warasat ka ilm) ki ahmiyat ko bayan karti hai۔ Ilm-e-viraas ek ahem ilm hai jiska taluq insani haqooq aur maal ki taqseem ke insaf par mabni hai. Yeh wahid ilm hai jo Quran-e-Kareem mein tafseel ke saath bayan kiya gaya۔ Surah Nisa mein Allah ne wiraasat ke tamaam usool aur zaabte wazeh kiye hain۔.Har musalman par farz hai ke wo yeh ilm seekhe aur apni zindagi mein is par amal kare.

### Wiraasat Ka Tariqa aur Uske Arkaan:

Maut ke baad kisi bhi shakhs ka chora hua maal teen marahil mein taqseem hota hai:

1. **Tajheez aur Takfeen:** Sabse pehle mayyat ki tajheez aur takfeen ke kharajat maal mein se nikaale jate hain۔

2. **Qarz ki Adaigi:** Agar mayyat par qarz ho, to uske chukane ke baad bacha hua maal taqseem hoga۔

3. **Wasiat:** Agar mayyat ne wasiat ki ho, to ek-thai (1/3) tak us wasiat ko pura kiya jata hai۔ Agar wasiat haram ya waris ke haq mein ho, to yeh nafiz nahi hoti۔

Jo maal in teeno marahil ke baad bachta hai, wo waris ke darmiyan wiraasat ke usool ke mutabiq taqseem hota hai۔

### Wirasat ke Arkaan:

Wirasat ka nizam teen arkaan par mabni hai:

1. **Waris:** Agar koi waris hi na ho, to wirasat ka nizam khatam ho jata hai, aur mal bait-ul-maal (state treasury) mein chala jata hai۔

2. **Mait:** Agar koi mait (deceased) hi na ho, to wirasat ka nizam laaghv ho jata hai۔

3. **Tariqa:** Agar mait ne mal hi na chhoda ho, to wirasat ka nizam kaam nahi karega۔
   In teen arkaan ke bagair wirasat ka nizam nahi chalaya ja sakta۔

## Wirasat ke Asbab:

Wirasat ke teen asbab hain jo kisi ko waris banate hain:

1. **Nikah:** Shohar aur biwi ek dosre ke waris bante hain, shadi ke bandhan ki wajah se۔ Lekin agar talaaq-e-baain (final talaq) ya iddat khatam ho jaye, to wirasat ka haqq khatam ho jata hai۔

2. **Nasab:** Khoon ka rishta (mahnbi ya nasabi rishta) wirasat ka sabab banta hai۔ Maslan, ma, baap, beti, ya bhai۔

3. **Azadi ka Taluq:** Agar koi shakhs kisi ghulam ko azad kare, to azad kiye gaye shakhs ki wirasat ka haqq azad karne wale ke paas hota hai۔ (Ye sabab aaj ke dor mein mojud nahi hai۔)

## Mawani (Rukawat) jo Wirasat ko Rokti hain:

Kuch rukawat aisi hain jo kisi shakhs ko wirasat se mehroom kar deti hain:

1. **Na-haq Qatl:** Agar waris mait ko na-haq aur zulum ke saath qatl kare, to qatil wirasat ka haqq kho deta hai۔

2. **Kufr:** Agar waris kafir ho aur mait musalman, ya mait kafir ho aur waris musalman, to wirasat ka haqq nahi milta۔

3. **Ghulam hona:** Agar waris ghulam ya londi ho, to uska wirasat ka haqq nahi hota۔ Aise mal bait-ul-maal mein chala jata hai۔

## Wirasat ke Waris ke Qismein:

Wirasat ke do bade qisam ke waris hote hain:

1. **Ashab-ul-Furuz (Jin ke Hisse Muqarrar hain):**
   Yeh woh waris hain jin ke hisse Quran aur hadees mein muqarrar hain۔ Yeh 12 log hain:

- Shohar
- Baap
- Dada
- Maa ke taraf se bhai

- Biwi
- Beti
- Poti
- Maa
- Dadi/Nani
- Sagi Behan
- Baap ke taraf se behan
- Maa ke taraf se behan

Un ke hisse mukhtalif hain, maslan:

- Nisf (1/2)
- Rub' (1/4)
- Sumun (1/8)
- Sulusain (2/3)
- Sulus (1/3)
- Sudus (1/6)

2. **Asaba (Jin ke Hisse Muqarrar Nahi):**

Yeh woh waris hain jin ka hissah Quran ya hadees mein muqarrar nahi hai۔ Asaba ka nizam tareebi hai, yani agar pehle darje ka waris mojud hai, to baqi log wirasat se mehroom ho jate hain۔ Iski tareeb kuch yun hai:

- Beta
- Pota
- Baap
- Dada

- Saga Bhai
- Baap ke taraf se bhai
- Saga bhatija
- Baap ke taraf se bhatija
- Sagha chacha
- Baap ke taraf se chacha
- Chacha ka beta
- Baap ke taraf se chacha ka beta

Agar beta mojud ho, to baqi sab mehroom hain۔ Agar beta nahi, to wirasat agle darje ke waris ko milegi.

## Taqseem ka Tariqa:

Pehle ashab-ul-furuz ka hissa alag kiya jata hai۔ Jo mal bacha, wo asaba ko milta hai. Is tareeqe se wirasat ka nizam chalaya jata hai. Waris jitne qareeb ho, unhein pehle mal milta hai۔

## Zawil Arham:

Zawil Arham wo rishte daar hain jo na Ashab-ul-Furuz mein shamil hote hain (jin ke hisse muqarrar hain) aur na Asaba mein (jin ka hissa muqarrar nahi hota)۔ Yeh maa ki taraf se taluq rakhte hain, jaise nani, maamoon, aur khalah۔
Zawil Arham ko wirasat ka hissa sirf tab milta hai jab na Ashab-ul-Furuz mojud ho aur na Asaba۔ Agar dono qisam ke waris mojud na ho, tab Zawil Arham wirasat ke haqdar bante hain۔

## Zulm Aur Nainsafi Se Parhez:

Wiraasat ka haq Allah ne har waris ke liye tay kiya hai۔

**Zulm ke Asraat:** Agar koi waris maal ka na-jaiz istemal kare, to uska anjaam duniya aur aakhirat mein barbad hoga۔ Kisi bhi shaks ka haq maarna gunah-e-kabeera hai۔

## Islam Ka Adal Aur Hikmat:

Wiraasat ke usool mein kisi ke sath na-insafi nahi hoti۔ Islam ne jahaalat ke zamane ka nizaam, jisme aurton ko wiraasat ka haq nahi diya jata tha, khatam kar diya۔ Allah ne farmaya:
“Mard aur aurat, dono ka wiraas mein haq hai, chahe maal kam ho ya zyada۔”

## Amal Aur Naseehat:

1. Har shakhs apni wiraasat ko Shari'ah ke mutabiq taqseem karne ki wasi'at kare۔
2. Kisi bhi ghalat wasiat, jaise waris ke liye na-jaiz tor par maal dena ya haram wasiat karna, ko khatam karna zaroori hai۔
3. Zindagi mein agar kisi ko maal dena ho, to sab ke darmiyan barabari ka khayal rakhein۔